لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سینئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

گوجرانوالہ پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 | سوموار 19 ستمبر 2022ء، 22 صفر المظفر 1443ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 19


# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد کے سیکٹر E-11 کا دورہ

## تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات اور صفائی کے ناقص انتظامات کا نوٹس، ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی انتظامیہ اور سی ڈی اے کو طلب کر لیا گیا

اسلام آباد (رانا یاسر عرفات) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد کے سیکٹر E-11 کے مکینوں کی تجاوزات، صفائی کے ناقص انتظامات اور سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ کے بارے میں بڑی تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے مسائل کا جائزہ لینے کے لئے رجسٹرار ثاقب خان اور انوسٹی گیشن افسر عدنان احمد پر مشتمل ٹیم بھیجی جس نے سیکٹر میں پانچ ہا سنگ سوسائٹیوں کی انتظامیہ اور عام شہریوں سے ملاقات کر کے سیکٹر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ سیکٹر میں صفائی کے انتظامات انتہائی ناقص ہیں، مرکزی شاہراہیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جب کہ سیکٹر E-11 مرکز کے درمیان میں ایک کمرشل پلازہ کی کھدائی کے دوران تجاوز کرتے ہوئے ڈبل روڈ کو سنگل روڈ میں تبدیل کر دیا گیا۔ مکینوں نے ڈبل روڈ بحال کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ ٹریفک رواں ہو سکے۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ نیشنل پولیس فا نڈیشن کی ہا سنگ اسکیم میں غیر قانونی تعمیرات کی گئی ہیں، سوسائٹیوں میں بعض مقامات پر با نڈری دیوار نہ ہونے سے غیر متعلقہ لوگ گھس آتے ہیں، سیکورٹی کا نظام انتہائی ناقص ہے۔ سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے، بجلی کے ٹرانسفارمر بعض اوقات اڑ جاتے ہیں جس کے باعث بجلی گھنٹوں غائب رہتی ہے۔ صفائی کا نظام بھی تسلی بخش نہیں۔ پانی کی تقسیم کا نظام بھی قابل اصلاح ہے۔ سیکٹر میں بارشوں کے پانی کے نکاس کے انتظامات انتہائی ناقص ہیں یہی وجہ ہے کہ گزشتہ برس بارش کے دوران سیکٹر کی گلیاں اور بازار سیلابی نالوں میں بدل گئے تھے اور کئی انسانی جانوں کا ضیاع بھی ہوا تھا۔ حالیہ بارشوں کے دوران اہلیان سیکٹر کئی راتیں سو نہیں پائے کہ مبادا پانی گھروں میں نہ گھس جائے۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ سیکٹر E-11 میں نیشنل پولیس فا نڈیشن، فیڈریشن آف ایمپلائز کوآپریٹو ہا سنگ سوسائٹی، پاکستان میڈیکل کوآپریٹو ہا سنگ سوسائٹی، سرورز کوآپریٹو ہا سنگ سوسائٹی اور ملٹی پروفیشنل کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی سمیت پانچ سوسائٹیاں کام کر رہی ہیں۔ وفاقی محتسب نے شکایات کے ازالے کے لئے سی ڈی اے اور پانچوں سوسائٹیوں کی انتظامیہ کو اگلے ہفتے اپنے دفتر طلب کر لیا ہے۔ برساتی نالوں کی وجہ سے سوسائٹی کے مکین پریشان ہیں۔ بارشوں میں یہ نالے سیلابی نالوں میں بدل جاتے ہیں اور پانی کی نکاسی کے ناقص انتظامات رہائشیوں کی مشکلات میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں۔